# 14-07-2024 Sunday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہاہے کہ تمام شعبوں میں صلاحیتوں کو بڑھاوادینے کے لئے ریاست میں اسکل یونیورسٹیاں قائم کی جارہی ہیں۔وزیراعلیٰ نے رنگاریڈی ضلع میں سیندے کارکنوں کو کاٹامیارکشا کٹس تقسیم کئے۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکانے اعلان کیاہے کہ تقریباً چھ ہزار مزید عہدوں کے لئے بہت جلدایک اورڈی ایس سی رکھاجائے گا۔

۳۔ بی آرایس لیڈرتارک راماراؤنے حکومت بنانے کے سات مہینوں بعد بھی ایک نوکری کا بھی اعلامیہ جاری کرنے میں ناکامی کے لئے کانگریس پارٹی پر تنقید کی ہے۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن تک تلنگانہ کے کئی ضلعوں میں تیز بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہاہے کہ تمام پیشوں میں صلاحیتوں کو بڑھاوادینے کے لئے ریاست میں اسکل یونیورسٹیز قائم کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت ذات پات سے متعلق تمام پیشوں کی حوصلہ افزائی کرے گی، جو ریاست کی معیشت کا ستون ہے۔ وزیراعلیٰ نے رنگاریڈی ضلع کے لشکر گوڑہ میں گوڑ طبقہ کے کارکنوں میں بی سی کارپوریشن کے ذریعہ کاٹامیارکشا کٹس تقسیم کرنے کی اسکیم شروع کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے پام اورڈیٹ پام کے درختوں سے بننے والی چیزوں کو بڑھاوادینے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک منڈی پیدا کرنے کے لئے ایسی ضمنی چیزوں میں 80 فیصد سے زیادہ کا اضافہ کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ سیفٹی کٹس اِس لئے تقسیم کی جارہی ہیں تا کہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ورکرس درختوں پر چڑھتے ہوئے حادثات کا شکار نہ ہوں۔گوڑ طبقہ کے نمائندوں نے وزیراعلیٰ سے درخواست کی کہ وہ سیندے کے درختوں کی شجرکاری کے لئے پانچ ایکر کی زمین انہیں الاٹ کریں اورانہیں سہولتیں پہنچائیں۔رئیل اسٹیٹ کی وجہ سے سیندے کے درختوں کے غائب ہوجانے پر تشویش کا جواب دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے وعدہ کیا کہ وہ رئیل اسٹیٹ وینچر میں ہی سڑک کے کنارے ایسے جھاڑوں کو اگانے کا قاعدہ لاگو کریں گے۔ انہوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ سیندے کے درختوں کے لئے ایک خصوصی شجرکاری پروگرام شروع کیا جائے گا۔آئی آئی ٹی حیدرآباد نے جدید تکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے یہ سیفٹی کٹس تیار کی ہیں۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اِس موقع پر گوڑ طبقہ کے ورکرس کے ساتھ کھانا کھایا۔اسپیکر گڈم پرساد، ریاستی وزیر سریدھر بابو، پونم پربھاکر، جوپلی کرشنا راؤ اور دوسرے اِس موقع پر موجود تھے۔

☆☆☆

حیدرآباد کے پرجابھون میں واقع نلاپوچما مندر میں آج بونال تقاریب منائی گئی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ان تقریبات میں حصہ لیا۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا، ریاستی وزیر پونم پربھاکر، سریدھر بابو، پنگولیٹی سرینواس ریڈی اور کونڈا سریکھا نے بھی بونالو تقریب میں حصہ لیا۔ وزیراعلیٰ اورنائب وزیراعلیٰ نے دیوی کو بونم پیش کیا۔

☆☆☆

گولکنڈہ میں آج سری جگدمبا مہاکالی دیوی کی تیسری بونال تقریب بڑے پیمانے پر منائی گئی۔صبح سے عورتیں دیوی کو بونالو پیش کررہی ہیں۔اِس موقع پر گولکنڈہ اوراطراف کے علاقوں میں ٹریفک پابندیاں لگائی گئیں۔

☆☆☆

محکمہ فینانس کے عہدیدار جاریہ مالی سال کے لئے تلنگانہ کا سالانہ بجٹ تیار کرنے میں مصروف ہے۔ مرکز مالی سال 25-2024ء کے لئے اپنا مکمل بجٹ 23 مئی کو پارلیمنٹ میں پیش کرے گا۔ یہ اندازے معلوم ہونے کے بعد کے ریاست کو کتنے فنڈس ملیں گے ریاستی بجٹ تجویزوں کو قطعیت دی جائے گی اور امکان ہے کہ ریاستی بجٹ اس مہینہ کی 25 یا 27 تاریخ کو پیش کیا جائے گا۔ حکومت اِس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ چناؤ کے دوران کئے گئے وعدوں اور ضمانتوں پر مناسب طور سے عمل کیا جائے۔اسی کے مدنظر حکومت بجٹ میں فنڈس الاٹ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ امکان ہے کہ آبپاشی، زراعت اور توانائی کے شعبوں کو زیادہ فنڈس مختص کئے جائیں گے۔امید ہے کہ اس سال کسانوں کے قرض معاف کرنے ریتّو بھروسہ، آبپاشی پراجکٹ اور مفت بجلی پر زیادہ خرچ ہوگا۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے ایک بھی نوکری کے لئے اعلامیہ جاری کرنے میں ناکامی پر کانگریس پر تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ اس نے تلنگانہ میں حکومت بنانے کے پہلے سال دو لاکھ نوکریوں کا وعدہ کیا تھا۔انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور رکن پارلیمنٹ راہول گاندھی کو دو سیاسی بے روزگار اور دھوکہ باز قرار دیا۔جنہوں نے نوکریوں کو وعدہ کرتے ہوئے کے سی آر کی قیادت والی ریاستی حکومت کے خلاف تلنگانہ کے نوجوانوں کو بھڑکایا۔انہوں نے اخباروں کے صفحہ اول پر مکمل صفحات کے اشتہارات چھاپتے ہوئے دو لاکھ نوکریوں کے وعدے کئے تھے۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ فارما کمپنیوں کے لئے مہیشورم اور آس پاس کے علاقوں میں 25 ہزار ایکر کی زمین جمع کی گئی ہے جس کا استعمال اسپورٹس یونیورسٹی، میڈیکل اور ہیلتھ ہب، الیکٹرک وہیکل مینوفیکچرنگ یونٹ اور دوسرے مقصدوں کے لئے کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت اس علاقہ میں ایک نئے شہر کو فروغ دے گی، جو نیویارک شہر سے مسابقت کرے گا۔ ریاستی حکومت اِس کے لئے قدم اٹھا رہی ہے اور وزیر صنعت بی سریدھر بابو کو تفصیلی منصوبے تیار کرنے کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے رنگا ریڈی ضلع کے عبداللہ پورمٹ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت ایک اور فلم سٹی تیار کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رچہ کنڈہ حدود میں واقع علاقوں منوگوڑہ اور ابراہیم پٹنم میں خوبصورت مقامات ہیں اور حکومت چاہتی ہے کہ ہندی فلم انڈسٹری ممبئی سے یہاں آئے۔

☆☆☆

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے اعلان کیا ہے کہ ایک اور ڈی ایس سی جلد رکھا جائے گا۔بھٹی وکرامارکا نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 11 ہزار سے زیادہ ٹیچرس کے عہدوں پر تقررات کے لئے عمل جاری ہے اور پانچ سے چھ ہزار مزید عہدوں پر تقررات کے لئے جلد ہی ایک اور ڈی ایس سی نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے 30 ہزار عہدوں پر تقررات کئے ہیں۔

☆☆☆

صارفین کے امور کے محکمہ نے لیگل میٹرولوجی پیکیجڈ کموڈیٹیز رولس 2011ء میں ترمیم کی تجویز پیش ہے تاکہ پیکیج چیزوں کے لئے یکسانیت پیدا کی جاسکے۔اس تجویز کے مطابق تمام پیکیج چیزوں پر معلومات کا خلاصہ کرنا لازمی ہوگا۔صارفین کے امور، خوراک، عوامی تقسیم کی وزارت نے کہا کہ اس ترمیم سے ڈبہ بند چیزوں کے لئے یکساں معیار اور تقاضوں پر عمل میں مدد ملے گی اور الگ الگ برانڈس اور پراڈکٹ پر شفافیت کو بڑھاوا دیا جاسکے گا۔ وزارت نے کہا کہ اس سے لوگوں کو تمام معلومات کی جانکاری رکھتے ہوئے باخبر فیصلہ کرنے میں مدد ملے گی۔لیکن نئے قاعدے، صنعتی صارفین یا ادارہ جاتی صارفین کے لئے بننے والے پیکیج اشیاء پر لاگو نہیں ہوں گے۔محکمہ نے اس مہینہ کی 29 تاریخ تک تمام فریقوں سے رائے مانگی ہے۔

☆☆☆

میٹرولوجیکل سنٹر نے تلنگانہ کے کئی ضلعوں میں چہارشنبہ تک تیز بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ نرمل، نظام آباد، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگراور ناگرکرنول ضلعوں میں بعض بعض مقامات پر تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِن ضلعوں میں بارش کے علاوہ بعض دوسرے ضلعوں میں بھی اگلے تین دنوں تک تیز بارش ہوگی۔ اگلے چار دن کے لئے ان ضلعوں میں ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

☆☆☆

بی بی کا علم جلوس اوراس کے بعد بونال تہوار میں استعمال ہونے کے لئے روپوتی نامی ہتھنی آج صبح حیدرآباد پہنچ گئی۔ وزیر ماحولیات جنگلات اور ماحولیاتی تبدیلی نے جمعہ کو کرناٹک سے ہاتھی کو تلنگانہ لانے پر روک لگائی تھی۔ تلنگانہ کی وزیر کونڈا سریکھا نے کرناٹک حکومت سے بات چیت کی اور میڈیکل سرٹیفکیٹ حاصل ہونے کے بعد ہاتھی کو منتقل کرنے کے لئے منظوری حاصل کی۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ میں کہا گیا کہ ہتھنی بیمار نہیں ہے جلوس میں حصہ لے سکتی ہے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ کل تلنگانہ کے سابق وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کی درخواست پر سماعت کرے گی جس میں سابقہ بی آر ایس حکومت کی طرف سے بجلی کی خریدی کے سمجھوتوں اور دو تھرمل پاور پلانٹس کی تعمیر کی تحقیقات کے لئے کانگریس حکومت کی طرف سے قائم شدہ جسٹس ایل نرسمہا ریڈی کمیشن کی تمام کارروائیوں پر روک لگانے کی خواہش کی گئی ہے۔ اپنی درخواست میں کے سی آر نے کہا کہ یہ تحقیقاتی کمیشن غیر قانونی، یکطرفہ اور فطری انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے اور دستور ہند کے آرٹیکل 14 اور 21 کی خلاف ورزی ہے۔ اس سے پہلے تلنگانہ ہائی کورٹ نے بی آر ایس صدر کی درخواست رد کردی تھی۔